6357- سرکاری تعاون حاصل کرنے کے لیے ذرائع آمدن مخفی رکھنا

سوال

مجھے حکومت کی جانب سے مالی اعانت حاصل ہوتی ہے، توکیا میرے لیے جائز ہے کہ میں اپنے ذرائع آمدن مخفی رکھوں ؟

پسندیدہ جواب

اگر مالی اعانت میں ان کی شرط ہو کہ انہیں آپ کے ذرائع آمدن کا علم ہونا چاہیے
یا پھر یہ علم ہو کہ کمائی کتنی ہے، تو آپ کے لیے جائز نہیں کہ آپ ذریعہ آمدن ان سے
مخفی رکھیں۔

اور اسی طرح اگر یہ معلوم ہو جائے کہ وہ صرف محتاج اور ضرورتمند کی اعانت کرتے ہیں
اور وہ شخص محتاج اور ضرورتمند نہ ہو تو اس کے لیے یہ مالی اعانت حاصل کرنا جائز نہیں
۔

واللہ اعلم.